دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

# رہبر معظم کے دفتر کی طرف سے عید سعید فطر کا اعلان - 30 /Aug/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر نے ایک بیان میں اعلان کیا ہے کہ کل نو شہریور پہلی شوال اورعید سعید فطر کا دن ہے۔

اطلاعیہ کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رمضان المبارک میں عزیز قوم کی عبادات و بندگی کے قبول ہونے کی تمنا کے ساتھ ایران کے شریف عوام کو اطلاع دی جاتی ہے، کہملک کے مختلف حصوں سے با وثوق اور معتبر رپورٹیں موصول ہوئی ہیں اور منگل کے دن 29 رمضان المبارک برابر 8 شہریور 1380 ہجری شمسی مطابق 30 اگست 2011ء کو غروب کے وقت شوال المکرم کا چاند رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے لئے ثابت ہوگیا ہے لہذا کل بدھنو شہریور کو عید سعید فطر کا دن ہوگا۔ اس موقع پر ایران کی عزیز قوم اور تمام مؤمن بھائیوں اور بہنوں کو مبارک باد پیش کی جاتی ہے اور ملک بھر میں عید سعید فطرکی نمازادا کی جائے گی۔